## NRO کے بارے میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے تاریخی فیصلہ پر زمینی حقائق کی روشنی میں ایک محبّ وطن اور وطن کے خیر خواہ الطاف حسین کا تبصرہ

لندن۔۔۔20 جنوری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے NRO کے معاملے پر جو تاریخی اور جرات مندانہ تفصیلی فیصلہ دیا ہے اس پر میں پوری قوم خصوصاً سپریم کورٹ کی پوری بینچ کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور اس فیصلہ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر ہونے والے چھوٹے بڑے افراد، سیاسی رہنماؤں اور افسر شاہی کے ارکان سے بھی دردمندانہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ عدالتِ عظمٰی کے فیصلے پر دلی صدمہ میں مبتلا ہونے کے باوجود اس فیصلے کا احترام کریں اور اپنے اپنے معاملات کے حل کیلئے ثبوت وشواہد کے ساتھ عدالتوں کا سامنا کرتے ہوئے اپنے مؤقف کا دفاع کریں۔ جناب الطاف حسین نے سپریم کورٹ کے تفصیلی فیصلے پر تبصرہ کرتے ہوئے مزید کہا کہ ملک کی دولت کا بے جا اور ناجائز استعمال کر کے قومی دولت خواہ کسی ادارہ یا کسی فرد نے کسی بھی شکل میں جمع کی ہو اس کا احتساب ملک کے وسیع تر مفاد میں ہے یعنی Accountiblity across the board ہونی چاہیے۔ میری یہ بات شائد کچھ لوگوں کو ناگوار گزرے مگر میں نے ہمیشہ حق اور سچ کہا ہے اور اسکی پاداش میں، میں نے بہت تکلیف دہ لمحات گزارے ہیں اور آج تک گزار رہا ہوں لیکن پھر بھی میں وطن کی سلامتی و بقاء اور عوام کی فلاح و بہبود کی کوششیں کر رہا ہوں اور ہمیشہ کرتا رہوں گا۔

آج میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ملک کو کسی ایک فرد یا چندر جن افراد نے نہیں لوٹا بلکہ ملکی خزانہ کو سینکڑوں افراد نے لوٹا ہے لیکن اگر انصاف کا ترازو صرف چھوٹے صوبوں کے افراد تک محدود رہا تو اس کا منفی اثر جلد یا بدیر مزید نفرتوں اور عصبیتوں کو جنم دینے کا سبب بنے گا اور چھوٹے صوبوں میں مزید احساس محرومی جنم لے گا لہٰذا میری مؤدبانہ درخواست ہے کہ ملک کے خزانے کو کسی بھی چھوٹے صوبے یا بڑے صوبے کے چھوٹے یا بڑے اور بااثر شخص نے لوٹا ہے، اربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے ہیں اور ملکی خزانے کا ناجائز اور ذاتی مفاد کیلئے استعمال کیا ہے ان سب کا محاسبہ کیا جائے۔ اسی طرح چند دہائیوں پہلے جن شخصیات کی مالی حیثیت لاکھوں یا چند کروڑوں میں تھی وہ چند دہائیوں بعد اربوں اور کھربوں کے مالک کیسے بنے اور کہاں اور کس طرح بن گئے، ان تمام معاملات کی بھی سپریم کورٹ تحقیقات کرے اور انہیں بھی قانون کی گرفت میں لائے تاکہ شفاف انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں اور بڑھتے ہوئے صوبائی تفرقات کا خاتمہ ہوسکے، ایک قوم کا تصور اور انصاف کے نظام کا تصور مضبوط سے مضبوط تر ہوسکے، ملکی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا امیج بہتر سے بہتر ہوسکے، قومی خزانے کی لوٹ مار کرنے والوں کی بیخ کنی ہوسکے، عام غریب اور مڈل کلاس پاکستانی کی حالت بہتر سے بہتر ہوسکے، ان میں شعور واعتماد کی بلندی ہوسکے اور وہ بھی اپنی صفوں سے قیادتیں نکال کر ملک کو چند خاندانوں بشمول جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں، خوانین، سرمایہ داروں اور مفاد پرستوں کی حکمرانی سے نجات دلا کر پاکستان کو ایک حقیقی، خودمختار، غیرت منداور بہادر ملک وقوم کی صورت میں دنیا کے نقشے پر ابھار سکیں۔ ( آمین ثمہ آمین ) آخر میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج میری ان گزارشات اور بیانات پر کوئی توجہ دے یا نہ دے لیکن مجھے کامل یقین ہے کہ میری زندگی یا میرے مرنے کے بعد میرے بیانات اور گزارشات تاریخ کا حصہ ضرور بنیں گے۔

## سفا کانہ اور بے رحمانہ کارروائیوں کے باوجود دہشت گردی کے خلاف ملک وقوم کے حوصلے بلند ہیں، الطاف حسین
## پشاور کے رنگ روڈ پر بم دھماکے اور رکن سرحد اسمبلی اورنگزیب خان سمیت 5 زخمی ہونے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔20، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے رنگ روڈ پر بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکہ سے صوبہ سرحد کے رکن اسمبلی اورنگزیب خان سمیت دیگر 5 زخمی سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک وعوام دشمن طالبان دہشت گردوں انسانیت کے قاتل ہیں جو اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے مسلح افواج، سیکورٹی فورسز، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور پارلیمنٹرین کو مسلسل بے دردی سے نشانہ بنا رہے ہیں جبکہ خودکش بم دھماکوں کے ذریعے ہر قومیت، برادری اور مذاہب کے ماننے والے ہزاروں افراد کو شہید کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی تمام تر سفا کانہ اور بے رحمانہ کارروائیوں کے باوجود ملک وقوم کے حوصلے بلند ہیں اور ان بلند حوصلوں کو پست کرنے والے ایک دن خود ختم ہوجائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پشاور کے رنگ روڈ پر بم دھماکہ اور رکن سرحد اسمبلی سمیت 5 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کا واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں رکن سرحد اسمبلی اورنگزیب خان سمیت تمام زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے رنگ روڈ پر بم دھماکے اور صوبہ سرحد کے رکن اسمبلی اورنگزیب خان کے زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے اور دہشت گردوں کے خلاف مزید مئوثر اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## خان عبدالغفار خان نے زندگی بھر عدم تشدد اور امن پسندی کی تعلیم دی ہے، الطاف حسین
## پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے باچا خان کی تعلیمات ملک بھر کے عوام کیلئے مشعل راہ ہیں
## خان عبدالغفار خان عرف باچا خان کی 22ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔20، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ خان عبدالغفار خان نے زندگی بھر عدم تشدد اور امن پسندی کی تعلیم دی ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ضروری ہے کہ خان عبدالغفار خان کی تعلیمات پر عمل کیا جائے ۔ یہ بات انہوں نے بزرگ سیاسی رہنماء خان عبدالغفار خان عرف باچا خان کی 22ویں برسی کے موقع پر لندن سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خان عبدالغفار خان نے انگریزوں سے آزادی کے حصول کیلئے تاریخی کردار ادا کیا اور زندگی بھر عدم تشدد اور امن پسندی کی تعلیم دی اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے باچا خان کی تعلیمات ملک بھر کے عوام کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدم تشدد اور امن پسندی کے اسی فکر وفلسفہ پر چلتے ہوئے پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لایا جاسکتا ہے تاکہ ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم ہوسکے جہاں زبان، نسل، قومیت، مسلک، عقائد اور مذہب کی بنیاد پر کسی کے ساتھ تفریق نہ ہو اور ملک بھر کے عوام کو ان کے جائز حقوق میسر آسکیں۔ جناب الطاف حسین نے باچا خان کی 22ویں اور خان عبدالولی خان کی چوتھی برسی کے موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت بھی کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خان عبدالغفار خان اور خان عبدالولی خان کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے پیغام امن کو پاکستان بھر میں عام کرے۔

## مینار پاکستان پر ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، حق پرست سینیٹرز
## پنجاب کنونشن میں پنجاب بھر کے عوام زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں

کراچی۔۔۔20، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے کہا ہے کہ 14 فروری کو ایم کیو ایم کے تحت مینار پاکستان پر ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کا فکر وفلسفہ اور نظریہ تمام تر سازشوں کے باوجود آج ملک کے کونے کونے میں فروغ پاچکا ہے اور مظلوم عوام ایم کیو ایم کی جدوجہد سے متاثر ہوکر اس میں بھرپور شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام 14 فروری کو مینار پاکستان پر ہونے والے پنجاب کنونشن میں بھرپور انداز میں شرکت کرکے واضح کردیں گے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کا حصہ ہیں اور پنجاب سمیت ملک بھر میں قائم فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف ہیں۔ حق پرست اراکین سینیٹ نے پنجاب بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 14 فروری کو مینار پاکستان پر ہونے والے ایم کیو ایم پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اسے بھرپور کامیابی سے ہمکنار کریں۔

## پنجاب کنونشن جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، زاہد محمود ملک

اسلام آباد۔۔۔20، جنوری 2010ء

گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ اپر پنجاب زون کے اجلاس میں 14 فروری کو لاہور میں ہونے والے کنونشن کی تیاریوں پر غور کیا گیا۔ ایم کیو ایم اسلام آباد آفس میں ہونیوالے اجلاس میں اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد محمود ملک، جوائنٹ انچارج و اراکین زونل کمیٹی اپر پنجاب کے اضلاع کے ضلعی عہدیداران و اراکین کمیٹی نے شرکت کی۔ اجلاس سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی، سلیم بندھانی، اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد محمود ملک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 فروری کا پنجاب کنونشن جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ انہوں نے ضلعی کمیٹیوں کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ 14 فروری کے کنونشن میں کارکنوں کی بھرپور انداز میں شرکت یقینی بنائیں جبکہ اپنے اپنے اضلاع میں قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے عوام کو آگاہ کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے اسلام آباد اور راولپنڈی اضلاع کے ذمہ داران کے ناموں اعلان کردیا گیا

اسلام آباد۔۔۔20،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے اسلام آباد ضلع میں رکنیت سازی اور ضلعی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اعلان کردیا۔گزشتہ روز صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی نے اسلام آباد ضلع کیلئے انچارج شہاب امیر، جوائنٹ انچارج وسیم کیانی، ڈسٹرکٹ جوائنٹ انچارج افتخار، سیکرٹری فنانس محمد الیاس، آفس سیکریٹری سید صفدر علی سیکریٹری نشر واشاعت منیر انجم اور ممبران کیلئے راشد امین چشتی،، ارشاد، انور خانزادہ، ناصر ایوب، سید قطب ربانی، وہاب خان، محمد نسیم، امیر چانڈیو، طارق محمود، رضوان جعفری اور چوہدری غلام سرور گجر کے ناموں کا اعلان کیا۔ضلع راولپنڈی کیلئے انچارج ذوالفقار راجپورت، جوائنٹ انچارج سلمان اقبال، محمد شاہ عالم صدیقی، سیکریٹری فنانس شیخ محمد ابرار، آفس سیکریٹری راجہ ایوب کیانی، سیکریٹری نشر واشاعت مشتاق مغل چنہ اور ممبران کیلئے ملک وحید اعوان، محمد انس، ندیم احمد خان، ضیاء الرحمٰن، شیخ ارشد محمود، محمد منیر صوفی، طارق محمود اور راجہ آفتاب کے ناموں کا اعلان کیا ہے جبکہ رکنیت سازی مہم یکم فروری سے شروع کی جائیگی۔اس موقع پر اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد محمود ملک اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے

## PTCL میں 27 جنوری کو ہونے والے ریفرنڈم میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے ایمپلائز یونین کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔20،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے پاکستان ٹیلی کمیونیکشن لمیٹڈ کے 27 جنوری کو ہونے والے ریفرنڈم میں ایمپلائز یونین کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے PTCL کے ملک بھر کے حق پرست محنت کشوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریفرنڈم میں ایمپلائز یونین کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور ایمپلائز یونین کے انتخابی نشان (شاہین) پر ہی اپنی مہر ثبت کریں۔

## ایم کیوایم آزاد کشمیر ضلع نیلم کے سابق آرگنائزر چوہدری عبدالطیف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آزاد کشمیر ضلع نیلم کے سابق آرگنائزر چوہدری عبدالطیف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن کی ہمشیرہ اور ضلع نیلم کے سابق آرگنائزر چوہدری عبدالطیف کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم آزاد کشمیر ضلع نیلم کے سابق آرگنائزر چوہدری عبدالطیف اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن معروف حسین کی ہمشیرہ محترمہ آنا دبی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کے تحت سال نو کے موقع پر کلینڈر کا اجراء کر دیا گیا ہے

کراچی:۔۔۔20 جنوری 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب سے سال نو کے موقع پر 2010ء کے خوبصورت کلینڈر کا اجراء کر دیا گیا کلینڈر کا اجراء گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، سلیم تاجک، شاکر علی سمیت اے پی ایم ایس او کے سنیئر وائس چیئر مین ندیم احمد خان وارکین مرکزی کمیٹی نے کیا۔ کلینڈر کا سلوگن ''قوم کی آخری اُمید'' جس کے مرکز میں بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصویر نمایاں ہے جو اس بات کی غمازی ہے کہ الطاف حسین ہی قوم کی آخری امید ہیں جن کی لیڈر شپ پاکستان کے واحد لیڈر ہیں جو ملک وقوم کی سلامتی کیلئے عملی جدوجہد کر رہے ہیں ایسے وقت میں جب پورے خطے کو دہشت گردی سمیت دیگر مسائل پر غیر یقینی صورتحال جیسی مشکلات کا سامنا ہے اور آج جب پیغام حق پرستی کی صدائیں پاکستان کے خطے میں بڑی آب وتاب کیساتھ پھیل رہی ہیں اور ہم تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنی عملی جدوجہد کو تیز کر رہے ہیں۔

## خواجہ اظہار الحسن اور احمد سلیم صدیقی کی انقلاب ماتری مرحوم کی رہائشگاہ پر سوگواران سے تعزیت

کراچی۔۔۔20، جنوری 2010ء

وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر اور ایم کیو ایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے ارکان خواجہ اظہار الحسن اور احمد سلیم صدیقی نے ممتاز سینئر صحافی اور گجراتی روزنامہ ملت کے ایڈیٹر انچیف انقلاب ماتری مرحوم کی فاتحہ سوئم کی موقع پر ان کی رہائشگاہ پر مرحوم کے بھائی فردوس ماتری اور دیگر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر سوگواران کے ساتھ رہے اور انہوں نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کیلئے بھی دعا کی۔

☆☆☆☆☆